11/03/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

ٹرمپ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے America First Refining کے نام سے امریکہ میں ایک آئیل Refinery قائم کرنے کیلئے بھارت کی معروف کمپنی ریلائنس انڈسٹریز لمیٹڈ کے ساتھ 3 سو ارب امریکی ڈالر کی تاریخی شراکت داری کا اعلان کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اس بات کی جانکاری دیتے ہوئے صدر ٹرمپ نے اس کو امریکہ میں توانائی کے شعبے کیلئے اہم معاہدہ معاہدہ قرار دیا ہے۔ امریکہ کے شہر Texas میں Brownsville کی بندرگاہ پر قائم کی جانے والی یہ ریفائنری امریکہ میں بننے والی پہلی بڑی ریفائنری ہوگی۔

(UBBL)

حکومت نے یونفائیڈ بلڈنگ بائی لاز (UBBL) 2021 اور 1970 میں ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے، جو جموں و کشمیر ڈیولپمنٹ ایکٹ جموں و کشمیر میونسپل ایکٹ 2000 کے تحت نافذ کی گئی ہیں۔اس کا مقصد کاروبار کرنے میں آسانی کو فروغ دینا، ترقیاتی ضابطوں کو مو

ثر بنانا اور منظوری کے نظام کو ڈیجیٹل بنانا ہے۔ ان اصلاحات سے یونین ٹیریٹری کی تمام اربن لوکل باڈیز اور ڈیولپمنٹ اتھارٹیز میں نئ ضابطوں کی پابندی کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ان ترامیم میں توانائی کی بچت اور ماحولیاتی تقاضوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

ہائی کورٹ

جموں کشمیر و لداخ ہائی کورٹ نے جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم کو رانجی ٹرافی میں اپنی پہلی جیت درج کرنے اور اس تاریخی کارنامے پر اعزاز سے نوازا، جو یونین ٹیریٹری کی کھیلوں کی تاریخ میں ایک سنگِ میل قرار دیا جا رہا ہے۔

تقریبِ میں چیف جسٹس ارون پلی کے علاوہ جسٹس سنجیو کمار، جسٹس رجنیش اوسوال، جسٹس سنجے دھر، جسٹس محمد اکرم چودھری، جسٹس وسیم صادق ، جسٹس راجیش سیکھری اور جسٹس سنجے پریہار سمیت ہائی کورٹ کے دیگر جج صاحبان بھی موجود تھے۔

چیف جسٹس اور جج صاحبان نے ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کھلاڑیوں کی محنت، ثابت قدمی، نظم و ضبط اور ٹیم ورک کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فت نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیت اور عزم کی عکاسی کرتی ہے اور جموں و کشمیر سمیت پورے ملک کے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کے لیے ایک بڑی ترغیب ہے۔

یوم شہادت

آج ماہ رمضان المبارک کی 21 تاریخ ہے ۔ آج امیر المومنین شاہِ ولایت حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کے یوم شہادت کے سلسلے میں وادی بھر میں دینی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے ۔

آثار شریف درگاہ حضرت بل، آثار شریف شہری کلاش پورہ اور جناب صاحب صورہ کے علاوہ آج وادی کی دیگر کئی زیارت گاہوں میں ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ اور دیگر تبرکات کی زیارت کرائی جا رہی ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جمونو کشمیر یوٹی کو رشوت خوری سے پاک کرنے اور رشوت خور عناصر کو کیفر کر دار تک پہنچانے کےلئے ہرممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ACB کے ساتھ Whatsapp یا فون کال کے ذریعے فون نمبر 9419678060 پر ربطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

اننت ناگ

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے میں ٹیلی کمیونیکیشن انفراسٹرکچر اور موبائل کنیکٹیویٹی سے متعلق مختلف امور کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ ضلع کی مختلف تحصیلوں میں BSNL کی 39 سائٹس کے لیے زمین پہلے ہی الاٹ کی جاچکی ہے۔ باقی تحصیلداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ جلد از جلد میوٹیشن دستاویزات جمع کریں۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ BharatNet پروجیکٹ کے تحت سنٹرل Right of Way پورٹل کے ذریعے موصول ہونے والی چار درخواستوں کو منظوری دے دی گئی ہے۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے لوگوں کو ہر طرح کی سہولت فراہم کرنے اور ان کی شکایات کا موثر انداز میں ازالہ کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ انہوں نے ضلعے میں عوامی شکایات کے ازالے کے نظام کا جائزہ لینے کے دوران اس میں مزید بہتری لانے کی ضرورت پر زور دیا ۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر موصوف نے ضلعے کے ویسو اور دیوسر علاقوں میں کشمیری مائگرنٹ ملازمین کے لئے تعمیر کی جا رہی رہائشی سہولیات پر جاری کام کا جائزہ لیا ۔

پلوامہ

پلوامہ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلعے میں محکمہ مال کی سرگرمیوں میں مزید شفافیت لانے اور احتساب کا عنصر پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے کل ایک میٹنگ میں ضلعے میں محکمہ مال کے ریکارڈس کی Digitization کے عمل کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلعے میں HADP اور JKCIP کے تحت عملائی جا رہی مختلف سکیموں کی پیش رفت اور HADP حصولیابی کا جائزہ لیا ۔ انہیں بتایا گیا کہ مالی سال 2025-26 کے دوران ضلعے میں کے تحت 6 ہزار 188 یونٹ قائم کئے گئے JKCIP ۔ جبکہ کے تحت 589 یونٹ پایہ تکمیل کو پہنچائے گئے

اس دوران ڈپٹی کمشنر نے ضلعے کی تمام تحاصیل میں محکمہ مال کی مجموعی کارگزاری کا بھی جائزہ لیا ۔

بارش

جموں کشمیر میں کل سے موسم میں آئی تبدیلی کے بعد کشمیر وادی کے بیشتر علاقوں میں آج بھی رک رک کر بارشیں ہو رہی ہیں ۔ موسم کی اس تبدیلی سے وادی میں ایک لمبے عرصے سے جاری خشک سالی میں کمی آنے کا امکان ہے جس پر عام لوگ خصوصاً کسان اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****